سوال نمبر 1.

Date: 05/08/2023 Day: saturday

2: آخروی زندگی کے بارے میں قرآنی استدلال کیا ہے؟ اس کے انفرادی اور اجتماعی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

1: تعارف

2: آخروی زندگی سے کیا مراد ہے؟

3: عقیدہ آخرت کی اہمیت۔

4: قرآنی استدلال سے آخروی زندگی کی وضاحت

پانچ بنیادی اجزاء

5: انفرادی زندگی پر اثرات

(i) اخلاقی اصلاح کا باعث

(ii) صبر واستقامت

(iii) عاجزی وانکساری کا حصول

(iv) محبت الٰہی کا سبب

(v) پاکیزگی نفس

6: اجتماعی زندگی پر اثرات

(i) دہرا نظام احتساب

(ii) حقوق و فرائض کا احساس

(iii) عدل وانصاف کا فروغ

(iv) مثالی معاشرے کا قیام

(v) بھائی چارے کا فروغ

7: حاصل کلام

Date: __/__/20 Day: ______

**1: تعارف:**

آخروی زندگی ہمیشہ قائم رہنے والی زندگی ہے۔ اس کا متعدد بار قرآن پاک میں ذکر موجود ہے۔ بعض جگہوں میں لوگوں کو اپنے اعمال درست کرنے کے لیے اس زندگی کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے۔ قرآن مجید میں اس زندگی کو ابدی زندگی قرار دیا گیا ہے۔ اس کے انفرادی اور اجتماعی پہلو بہت اہم ہیں۔ انفرادی زندگی میں آخروی زندگی کی سوچ صبر، تحمل، عاجزی و انکساری اور محبت الٰہی کا سبب بنتی ہے جبکہ اجتماعی زندگی میں یہ نظام احتساب کا تصور ایک مثالی معاشرے کو جنم دیتا ہے۔

**2: آخروی زندگی سے کیا مراد ہے؟**

آخروی کا لفظ آخرت سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں "بعد میں آنے والی کوئی چیز"۔ اس زندگی کے بعد ایک ایسی زندگی آئے گی جو کہ دائمی ہے۔ اس کے بعد کوئی زندگی نہ ہے۔ آخرت کی زندگی سے مراد آخروی زندگی ہے۔

قرآن مجید میں آخرت کا لفظ مختلف طریقوں سے بیان کیا گیا ہے۔

یوم الآخرت — آخرت کا دن

یوم البعث — دوبارہ اٹھائے جانے کا دن

Date: __/__/20 Day:

## قولِ حضرت علی:۔

یہ زندگی عالم فنا ہے۔ عالم فنا سے بقا تک کا سفر موت کہلاتا ہے۔ چنانچہ موت کے بعد شروع ہونے والا سفر آخروی زندگی کا سفر کہلاتا ہے۔ جو کہ ہمیشہ رہنے والا ہے۔ اسی طرح آخروی زندگی کے سفر پر یقین رکھنا مسلمانوں کے ایمان کا اہم جزو ہے۔ اس سے عقیدہ آخرت کی اہمیت مزید واضح ہو جاتی ہے۔

### 3: عقیدہ آخرت کی اہمیت:۔

آخروی زندگی کا قیام عقیدہ آخرت کو جنم دیتا ہے۔ جو کہ ہمارے ایمان کا اہم جزو ہے۔ آجکل سائنسدان بھی اس کی اہمیت کو "Big crunch" تھیوری کے حوالے سے جانتے ہیں کہ ایک دن اس دنیا کا توازن بگڑ جائے گا اور تمام اشیا ایک دوسرے سے ٹکرا جائیں گی اور سب کچھ تباہ ہو جائے گا۔ کسی نہ کسی طرح آخروی زندگی کے قیام کا تصور دنیا کے ہر مذہب میں پایا جاتا ہے لیکن اسلام نے اس کو واضح انداز میں بیان کیا ہے۔ اور اس زندگی کو احتساب کے ذریعے میں واضح ہے جس کی واضح چھاپ انسان کی زندگی میں نظر آتی ہے۔

Day:

Date: __/__/20

4:

## قرآنی استدلال سے اخروی زندگی کی اہمیت:۔

آخروی زندگی کے بنیادی طور پر پانچ اجزاء بیان کیے گئے ہیں

### (i) موت برحق ہے:۔

موت کا تصور برحق ہے جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ انسان ایک مخصوص وقت اس دنیا میں مکمل کرتا ہے اور اس کے بعد ابدی زندگی کی طرف چل پڑتا ہے۔

try to add the arabic of quranic ayats.

"اور جب ان پر کوئی تکلیف آتی ہے تو وہ کہتے ہیں بے شک ہم اللہ کے لیے ہیں اور ہمیں اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے" (القرآن)

### (ii) عالم برزخ میں مخصوص وقت گزارنا ہے:۔

برزخ کا مطلب "پردہ" ہے۔ اس سے مراد ایک مخصوص وقت عالم برزخ میں گزارنا ہوگا۔ اس کے بعد قیامت برپا ہوگی۔

### (iii) دوبارہ اٹھایا جائے گا

عالم برزخ میں ایک مخصوص وقت گزارنے کے بعد اللہ کے حکم کے ساتھ دوبارہ بیدار کیا جائے گا۔

### (iv) یوم محشر کا قیام

یوم محشر برپا ہونے کے بعد تمام انسانوں کو اللہ کے دربار پیش کیا جائے گا

### (v) سزا اور جزا کا تعین

اچھے اور برے اعمال کے نتیجے میں جنت اور

Date: __/__/20  Day: ____

دوزخ کا ایندھن بنایا جائے گا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے

واعلموا انکم ملقوہ۔

اور جان رکھو تمہیں ایک دن اس کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ (البقرہ - 223)

حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا

الدنیا مزرعۃ الآخرۃ۔

دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔

5. آخروی زندگی کے انفرادی زندگی پر اثرات

(1) اخلاقی اصلاح کا باعث

آخروی زندگی کا تصور انسان کے کردار کو تشکیل دینے میں نہایت اہم کردار ادا کرتا ہے کیونکہ یہ انسان کو اچھے اعمال کی طرف راغب کرتا ہے جو کہ انسان کو جنت کے حصول کے لیے اہم ثابت ہو سکتے ہیں۔ انسان اپنا زیادہ وقت ایسے اعمال میں گزارتا ہے جو اس کے لیے دنیا اور آخرت دونوں میں کامیابی کا باعث بنتے ہیں۔

(2) صبر و استقامت

دنیا میں آنے والی تمام مشکلات کو انسان صبر و توکل سے برداشت کرتا ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

ان اللہ مع الصبرین۔

بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ (البقرہ: 153)

leave a line between headings for neatnesss.

Date: __/__/20__ Day: ________

کیونکہ یہ تکلیف اللہ کی طرف سے ہے اور وہی آخرت میں اس کا جزا بھی کرے گا۔

## (iii) عاجزی وانکساری کا حصول

آخروی زندگی کا قیام عاجزی وانکساری کا باعث بھی ہے۔ کیونکہ یہ ایک ابدی زندگی ہے جو کہ کبھی نہ ختم ہونے والی ہے تو دنیا میں عاجزی وانکساری اور قناعت پسندی کی جزا آخرت میں جنت کی صورت میں موجود ہے۔

## (iv) محبت الٰہی کا حصول

آخروی زندگی دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت کو اس طرح سے فروغ دیتی ہے کہ تمام تر دنیاوی و آخروی رحمتیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔ اس نے جزا اور سزا کا تصور اپنے ہاتھ میں رکھا ہے نہ کہ کسی انسان کے ہاتھ میں۔

add reference against each of your argument.

## (v) پاکیزگی نفس

احتساب اعمال کا نظام پاکیزگی نفس کو فروغ دیتا ہے۔ تمام ایسے اعمال جن کا حساب لیا جائے گا وہ سوچ اچھے اعمال کی طرف راغب کرتی ہے اور روح کی پاکیزگی ایسے ہی اعمال ادا کرنے میں ہے۔

Date: __/__/20__

# اخروی زندگی کے اجتماعی زندگی پر اثرات

## (i) دوہرا نظام احتساب

"دنیا آخرت کی کھیتی ہے" نبی کریم ﷺ کے یہ الفاظ آخروی زندگی میں اعمال کے حساب کی اہمیت کو واضح کرتے ہیں۔ جو اعمال یہاں ادا کئے جاتے ہیں ان کے مطابق آخرت کی زندگی میں جزا اور سزا کا تعین ہوگا۔

## (ii) حقوق و فرائض کا احساس

آخرت کی زندگی اور احتساب کا نظام حقوق و فرائض میں توازن قائم کرتی ہے۔

ان اللہ یامر بالعدل والاحسان

"بے شک اللہ تمہیں عدل و انصاف کا حکم دیتا ہے"۔ النحل (90)

اس ارشاد باری تعالیٰ سے یہ واضح ہوتا ہے کہ حقوق و فرائض میں عدل سے کام لینے والے ہی کامیاب ہیں۔

## (iii) عدل و انصاف کا فروغ:-

عقیدہ آخرت عدل و انصاف پر مبنی معاشرے کو فروغ دیتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے

واقسطوا ان اللہ یحب المقسطین

"انصاف کرو بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے" الحجرات (9)

اس طرح معاشرے میں کوئی کسی کو ناحق قتل نہیں کرسکتا نہ ہی اس کی کسی چیز پر زبردستی قبضہ کرسکتا ہے۔

Date: __/__/20        Day: ______

## (۶) مثالی معاشرے کا قیام

ایسا معاشرہ جہاں عدل و انصاف کا رائج ہو وہ یقیناً ایک مثالی معاشرہ کہلاتا ہے۔ آخروی زندگی کا قیام اس کو فروغ دیتا ہے۔

## (۷) بھائی چارے کا فروغ

لوگوں کے ما بین انصاف قائم کرنے سے ایک دوسرے کے ساتھ بھائی چارہ بڑھتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے

انما المومنون اخوۃ۔

بے شک مومنین آپس میں بھائی بھائی ہیں

(الحجرات: ۱۰)

اس طرح تمام مسلمانوں کو بھائی بھائی قرار دیا گیا ہے اور ایک کا فرض دوسرے کا حق قرار دیا گیا ہے۔

## 7: حاصل کلام:

قرآن مجید میں آخروی زندگی کا قیام اور اس کی ابدی حیثیت کو واضح کیا گیا ہے۔ اور اس پر یقین رکھنا ایمان کا بنیادی حصہ ہے۔ آج کل سائنس کی دنیا میں بھی اس حقیقت کو واضح کیا گیا ہے۔ آخروی زندگی پر یقین دنیا و آخرت دنیا میں بھلائی کا باعث ہے۔

20

the structure of the answer, paper presentation and the headings quality and quantity is good

improve the references part a bit.